36990 ـ کسی دوسرے کے خرچ پرحج کرنا

سوال

ایک عورت سعودی عرب آئي اورمیزبان کے خرچ پراسے فریضہ حج کی ادائیگي میسرہوگئي ، وہ پوچھتی ہے کہ آیا اس کے فرض کی ادائیگي ہوگئي ، اور حالت تویہ ہے کہ اس نے اپنے مال سے کوئي چیز بھی خرچ نہیں کی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کے فریضہ حج کی ادائیگي کے صحیح ہونے پراس کا کوئي اثرنہیں کہ اس نے اپنے مال سے حج میں کچھ خرچ کیا ہے یا خرچ نہیں کیا بلکہ اس کے علاوہ حج کا بہت زیادہ خرچہ کسی اورنے برداشت کیا ہے ، تواس بنا پرہم یہ کہیں گے کہ اگر تواس کےحج میں شروط اورارکان واجبات مکمل طورپرپائے جاتے تھے تو اس کا فرض ادا ہوچکا ہے ، اگرچہ اس کا خرچہ کسی اورنے برداشت کیا ہو ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .